# تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : درس علم و عرفان

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 75 صفحات ۔ قیمت:66روپے

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ' سرحد پاکستان

مولانا عبدالقیوم حقانی معروف عالم دین ہیں جو دین اسلام کی خدمت کے جذبے سے معمور ہیں۔ القاسم اکیڈمی کے صدر اور جامعہ ابوہریرہ کے منتظم ہیں۔ کئی قابل ذکر اور لائقِ مطالعہ کتب کے مصنف ہیں۔

''درس علم و عرفان'' ایک مختصر سی کتاب ہے مگر کئی ضخیم کتابوں کا حاصل مطالعہ اور خلاصہ ہے۔ عام سی باتیں بڑے دلنشیں پیرائے میں بیان کی گئی ہیں۔ ایمان و یقین کی دعوت دینے والی اس کتاب میں نماز کو عبدیت کا مظہر قرار دیا گیا ہے۔ توافق بالقضاء کے ضمن میں لکھتے ہیں کہ دکھ اور مصیبت کے وقت مخلوق سے شکوہ کرنا تو ایسا ہی ہے کہ ایک رحیم و کریم ذات کا ایک غیر رحیم و کریم ہستی سے شکوہ کیا جار ہا ہے۔ گویا مؤمن پر ہر حال میں اللہ کا شکر واجب ہے۔ اسی طرح انہوں نے صبر اور توکل پر انتہائی مختصر الفاظ میں جامع اور پرتاثیر باتیں کہہ دی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی رزاقیت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جب خالق وہی ہے تو مخلوق کی روزی بھی اُسی کے ذمہ ہوئی' کیونکہ جب کوئی کسی کو گھر پر دعوت دیتا ہے تو اس کے لیے غذا کا انتظام بھی کرتا ہے۔ قبولیت دعا کے بارے میں اس حقیقت سے پردہ اٹھاتے ہیں کہ دعا کرتے وقت دعا کرنے والا خود یہ نہیں جانتا کہ جو چیز وہ مانگ رہا ہے وہ اُس کے حق میں مفید ہے یا مضر۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ دعاؤں کو اپنی حکمتِ کاملہ کے تحت قبول کرتا ہے۔ جو دعائیں بظاہر قبول نہیں ہوتیں جب اُن کا اجر بندہ روزِ حساب اپنے نامۂ اعمال میں دیکھے گا تو تعجب کرے گا کہ اتنا بڑا ثواب میرے حساب میں کہاں سے آ گیا! یوں کوئی دعا بے نتیجہ اور رائیگاں نہیں جاتی۔

فاضل مصنف نے اس مختصر کتاب میں علم و حکمت کے یواقیت و جواہر اکٹھے کر دیے ہیں۔ کتاب لائق مطالعہ اور مفید ہے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ پروف ریڈنگ جلدی میں ہوئی ہے جس سے کتاب میں جا بجا اغلاط رہ گئی ہیں۔

© rasailojaraid.com